سوال

(217) حالت سجدہ میں دونوں پاؤں کو ملانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

(ا)کہتے ہیں نمازی کا پوری نماز میں دائیں پاؤں کا انگوٹھا نہیں ہلنا چاہیے کیا اس کے بارے میں کوئی حدیث ہے یا فقہ کا کوئی مسئلہ ہے وضاحت فرمائیں ؟ (ب) اور ساتھ ہی کوئی صحیح حدیث نقل فرمائیں ۔ کہ سجدے میں نمازی کے دونوں پاؤں ملے ہوئے ہونے چاہئیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

(ا) نہ حدیث کا مسئلہ ہے اور نہ فقہ کا ۔

(ب) صحیح ابن خزیمہ اور مستدرک حاکم میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ سجدے میں اپنی ایڑھیاں ملا کر رکھتے تھے ۔ (صحیح ابن خزیمۃ ج ا ص ۳۲۸ باب ضم العقبین فی السجود مستدرک حاکم ج ا ص ۳۵۴)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

نماز کا بیان ج1ص189

محدث فتویٰ